2025-10-03

Hrs 08.30

HL-Opening

آکاشوانی سے پیش ہے خبرنامہ

(Music)

آداب: خبرنامے کے ساتھ میں نتیکا تیاگی

پہلے اِس وقت کی خاص خبریں

---

1- روس کے صدر ولادیمیر پتن، وزیر اعظم نریندر مودی کے ساتھ سالانہ سربراہ ملاقات کے لیے دسمبر میں بھارت کے دورے پر آئیں گے۔ صدر پتن نے بھارت کے ساتھ مؤثر اور باہمی طور پر فائدے مند تجارتی رابطے قائم رکھنے کی ضرورت پر زور دیا ہے۔

2- بھارت اور چین اس مہینے کے آخر تک براہِ راست پروازیں پھر شروع کریں گے۔

3- چھتیس گڑھ کے بیجاپور ضلعے میں 23 خواتین سمیت 103 ماؤنوازوں نے سکیورٹی دستوں کے سامنے خودسپردگی کی ہے۔

4- موسمیات محکمے نے آج بہار میں، بہت شدید بارش ہونے کے امکان کے مدنظر ریڈ الرٹ جاری کیا ہے۔

5- اور ناروے میں عالمی ویٹ لِفٹنگ چیمپئن شپ میں بھارت کی Mirabai Chanu نے خواتین کے 48 کلو گرام کے زمرے میں چاندی کا تمغہ جیتا ہے۔

(Music)

اب خبریں تفصیل سے۔

Putin India Visit

روس کے صدر ولادیمیر پتن، وزیر اعظم نریندر مودی کے ساتھ سالانہ سربراہ ملاقات کے لیے دسمبر میں بھارت کے دورے پر آئیں گے۔ کریملن کے ترجمان Dmitry Peskov نے اِس بات کی تصدیق کی ہے کہ صدر پتن کا یہ دورہ نئے سال سے قبل ہوگا۔

ترجمان نے یہ بھی بتایا کہ اُن کے دورے کی تیاریاں زور و شور سے جاری ہیں۔ 2022 کے اوائل میں یوکرین لڑائی شروع ہونے کے بعد سے روس کے صدر کا بھارت کا یہ پہلا دورہ ہوگا۔×

Putin India Statement

روس کے صدر ولادیمیر پتن نے کہا ہے کہ وہ دسمبر کے اوائل میں بھارت کے اپنے دورے کے منتظر ہیں اور اپنے عزیز دوست اور روس کے قابلِ اعتماد ساجھے دار وزیر اعظم نریندر مودی کے ساتھ ملاقات کا بے صبری سے انتظار کر رہے ہیں۔

Sochi میں Valdai Discussion Club میں اظہار خیال کرتے ہوئے صدر پتن نے بھارت پر طویل عرصے سے چلے آ رہے روس کے بھروسے اور اعتماد کا اعادہ کیا اور وزیر اعظم مودی کو ایک بہت معقول اور دانشور رہنماء قرار دیا، جو اپنے ملک کے مفادات کے تئیں بہت مخلص ہیں۔ صدر پتن نے سابقہ سوویت یونین کے دور سے لے کر اب تک بھارت کے ساتھ تاریخی اور خصوصی تعلقات کی ستائش کی۔

صدر پتن نے کہا کہ دونوں ملکوں کے درمیان موجودہ تجارتی لین دین حقیقی گنجائش سے کم ہے۔

انہوں نے مؤثر اور باہمی طور پر مفید تجارتی رابطے قائم کرنے کی ضرورت پر زور دیا۔ انہوں نے کہا کہ اب اہم معاملات حل کرنے پر توجہ مرکوز کی جانی چاہیے تاکہ اور زیادہ موقعوں کو بروئے کار لایا جا سکے۔

انہوں نے بھارت کے ساتھ تجارت کے موجودہ عدم توازن کی بات کو تسلیم کیا اور بتایا کہ انہوں نے نائب وزیر اعظم اور بین حکومتی کمیشن کے سربراہ Denis Manturov سمیت روسی سرکار کے حکام کو پہلے ہی یہ ہدایت دی ہے کہ وہ تجارتی اور اقتصادی رابطوں کو مستحکم بنانے کی خاطر ٹھوس اقدامات کریں۔ ×

## India China

بھارت اور چین نے اس مہینے کے آخر تک براہِ راست فضائی خدمات پھر شروع کرنے سے اتفاق کیا ہے، جو دونوں ملکوں میں طے شدہ مقامات کو ایک دوسرے سے جوڑیں گی۔ ایک بیان میں وزارتِ خارجہ نے کہا ہے کہ دونوں ملکوں کے شہری ہوابازی کے حکام براہِ راست فضائی خدمات پھر شروع کرنے اور ایک نظرِ ثانی شدہ فضائی خدمات سمجھوتے کے بارے میں تکنیکی سطح کی بات چیت کرتے رہے ہیں۔

بھارت اور چین کے درمیان تعلقات کو رفتہ رفتہ معمول پر لانے کی سمت سرکار کے موقف کے حصے کے طور پر اس سال کے اوائل سے یہ مذاکرات ہو رہے ہیں۔

وزارتِ خارجہ نے کہا ہے کہ اس اتفاقِ رائے سے بھارت اور چین کے درمیان عوام سے عوام کے رابطوں میں مزید سہولت پیدا ہوگی اور باہمی رابطوں کو رفتہ رفتہ معمول پر لانے کے عمل کو بھی تقویت حاصل ہوگی۔×

## MEA Synagogue

برطانیہ کے Manchester میں یہودیوں کی عبادتگاہ کے باہر چھُرا گھوپنے اور گاڑی چڑھانے کے حملے میں کم از کم 2 افراد مارے گئے اور کئی زخمی ہوئے۔ حکام نے اسے ایک دہشت گردانہ حملہ قرار دیا ہے۔

اِدھر بھارت نے Manchester میں یہودیوں کی عبادتگاہ پر دہشت گردوں کے حملوں کی مذمت کی ہے۔ وزارتِ خارجہ نے ایک بیان میں دُکھ کی اس گھڑی میں برطانیہ کے عوام کے ساتھ یگانگت کا اظہار کیا ہے۔ وزارت نے اس بات پر افسوس کا اظہار بھی کیا ہے کہ یہ وحشیانہ حرکت، عدم تشدد کے بین الاقوامی دن پر کی گئی۔×

GST Reforms Stationery Items

وزیر اعظم نریندر مودی کی جانب سے اعلان کردہ GST بچت اُتسو، جو اس ماہ کی 22 تاریخ سے شروع ہوا، معاشرے کے ہر طبقے کو فائدہ پہنچا رہا ہے۔ اگلے سلسلے کی GST اصلاحات، بھارت کے بالواسطہ ٹیکس نظام کو آسان بنانے کی جانب ایک اہم قدم ہیں۔ یہ اصلاحات مختلف اشیاء اور خدمات پر ٹیکس کی شرح کم کرکے شہریوں کو خاطر خواہ راحت فراہم کررہی ہیں۔ آج ہمStationery اشیا پر GST شرح کو کم کرنے سے متعلق ایک رپورٹ پیش کر رہے ہیں۔

V/C - Nitika

اگلے سلسلے کی GST اصلاحات کے تحت، حکومت نے Stationery سازوسامان پر ٹیکس میں بڑی راحت پہنچائی ہے۔ طلبا اور دکاندار ان اصلاحات سے مستفید ہو رہے ہیں۔ پنسلوں پر GST کو 12 فیصد سے کم کرکے Nil کردیا گیا ہے۔ Notebooks اور کاپیاں، بشمول ایکسرسائز بکس، گراف بکس اور Laboratory نوٹ بکس، اب پوری طرح ٹیکس فری ہیں۔ ان پر پہلے 12 فیصد ٹیکس عائد تھا۔ Erasers پر 5 فیصد ٹیکس ہٹاکر انہیں ٹیکس فری کر دیا گیا ہے۔

Pencil Sharpeners، جن پر پہلے 12 فیصد ٹیکس لگتا تھا، اب ٹیکس فری کردیے گئے ہیں۔ ساتھ ہی Geometry باکسز اور ریاضی کے آلات کے Sets پر GST شرح کو 12 فیصد سے کم کرکے 5 فیصد کیا گیا ہے۔

ان تبدیلیوں سے Stationery کے سازوسامان اور تعلیمی آلات کی قیمت کم ہوگی جس سے ملک بھر کے طلبا، والدین اور اساتذہ مستفید ہوں گے۔

اس بات کا امکان ہے کہ ان اصلاحات سے دکانداروں کی Sales میں بھی اضافہ ہوگا۔ آکاشوانی نیوز سے بات کرتے ہوئے، ہرش وردھن نے حکومت کے تئیں تشکر کا اظہار کیا اور کہا کہ GST شرحیں کم ہونے سے عام آدمی کو فائدہ ہوگا۔

Byte: Harsvardhan

حکومت نے اس بات پر زور دیا ہے کہ اقدام تعلیم اور آموزش کو فروغ دینے اور سبھی کے لیے اشیائے ضروریہ کو قابل رسائی اور قابل استطاعت بنانے کی بڑی پہل کا حصہ ہے۔

Nitika Gupta کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کے لیے میں............

BREAK

یہ خبرنامہ آکاشوانی سے نشر کیا جارہا ہے۔

GONG

Chhattisgarh Surrender

چھتیس گڑھ کے بیجاپور ضلعے میں 23 خواتین سمیت 103 ماؤنوازوں نے سکیورٹی فورسز کے سامنے خودسپردگی کر دی۔ اِن میں سے 49 ماؤنوازوں پر مجموعی طور پر ایک کروڑ 6 لاکھ روپے سے زیادہ کا انعام تھا۔ یہ ماؤنواز پچھلے کئی سال سے مختلف ماؤنواز تنظیموں سے وابستہ رہے ہیں۔

ریاستی سرکار کی بازآبادکاری پالیسی کے تحت ہتھیار ڈالنے والے ہر ماؤنواز کو 50 ہزار روپے ترغیبی رقم کے طور پر دیے گئے۔ ضلعے میں اس سال اب تک مجموعی طور پر 410 ماؤنواز خود سپردگی کر چکے ہیں۔ اس کے علاوہ 421 ماؤنوازوں کو گرفتار کیا گیا ہے اور تصادم کے الگ الگ واقعات میں 137 ماؤنواز مارے جا چکے ہیں۔ ×

## MP Accident

مدھیہ پردیش میں، کھنڈوا ضلعے کے Jamli گاؤں میں ایک ٹریکٹر ٹرالی ایک چھوٹے پُل سے دریا میں جا گری۔ اس حادثے میں 11 افراد کی موت ہو گئی، جبکہ 3 زخمی ہوئے۔ جس وقت یہ حادثہ پیش آیا، مجموعی طور پر 14 عقیدتمند دُرگا کی مورتی سپرد آب کرنے کے بعد واپس آ رہے تھے۔ راحت اور بچاؤ کارروائی رات دیر گئے تک جاری رہی۔

کلکٹر Rishav Gupta نے بتایا کہ امدادی رقم متاثرین کے کنبوں کے بینک کھاتوں میں فوری طور سے منتقل کر دی جائے گی اور متاثرہ کنبوں کے لیے غذائی اجناس کی فراہمی کی کوئی قلت نہیں ہوگی۔

S/B - Rishav Gupta

وزیر اعظم نریندر مودی نے اس حادثے میں لوگوں کی موت ہونے پر گہرے دُکھ کا اظہار کیا ہے اور زخمیوں کی جلد صحتیابی کے لیے پرارتھنا کی ہے۔ وزیر اعظم نے مرنے والوں کے لواحقین کے لیے دو-دو لاکھ روپے کی امداد کا اعلان کیا ہے، جبکہ زخمیوں کو 50-50 ہزار روپے دیے جائیں گے۔

مدھیہ پردیش کے وزیر اعلیٰ موہن یادو نے مرنے والوں کے کنبوں کے لیے چار-چار لاکھ روپے کی امداد کا اعلان کیا ہے۔×

## ECI Observers Meeting

اعلیٰ انتخابی کمشنر گیانیش کمار بہار اسمبلی انتخابات اور ملک کے دیگر حصوں میں ہونے والے ضمنی چناؤ کے لیے مقرر کیے گئے مشاہدین کے ساتھ آج نئی دلّی میں میٹنگ کریں گے۔ اِدھر اعلیٰ انتخابی کمشنر کی قیادت میں مکمل چناؤ کمیشن کی ٹیم بہار اسمبلی انتخابات کی تیاریوں کا جائزہ لینے کے لیے کل سے ریاست کا دو دن کا دورہ کرے گی۔

انتخابی کمیشن نے بہار اسمبلی انتخابات اور 8 ریاستوں میں ضمنی چناؤ کے لیے 470 مرکزی مشاہدین مقرر کیے ہیں۔×

## Rev. Bihar Rains

بھارتی موسمیات محکمے نے آج بہار میں شدید سے لے کر انتہائی شدید بارش کے امکان کے مدنظر ریڈ الرٹ جاری کیا ہے۔ ریاست میں گزشتہ 24 گھنٹے کے دوران لگاتار بارش ہونے کی وجہ سے ریاست کے کئی حصوں میں روزمرہ کی زندگی درہم برہم ہو کر رہ گئی ہے۔

مزید تفصیل ہمارے نامہ نگار سے

V/C - Dharmendra

بہار میں پٹنہ، نوادہ، جموئی، شیخ پورہ، دربھنگہ، Supaul، سمستی پور اور سہرسہ سمیت کئی ضلعوں میں تیز بارش ہوئی ہے۔ لگاتار بارش ہونے کی وجہ سے کئی مقامات پر پانی بھر گیا ہے۔ کل وجے دشمی کے موقعے پر راون دہن کے پروگرام بھی متاثر ہوئے اور کئی مقامات پر مختلف پوجا پنڈالوں میں بارش کا پانی آ گیا۔ دوسری طرف لگاتار بارش ہونے سے ٹمپریچر کم ہو گیا ہے۔

پٹنہ سے دھرمیندر کمار رائے کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کے لیے میں ...........

## Leh Reopening Schools

لداخ کے لیہ ضلعے میں Kindergarten سے لے کر Upper پرائمری اسکول سطح تک سبھی اسکول پھر سے کھل گئے ہیں۔ وہاں پچھلے مہینے کی 24 تاریخ سے بھارت نیائے سنہیتا کی دفعہ 163 نافذ تھی۔ لداخ کو ریاست کا درجہ دینے اور چھٹے شیڈول میں اسے شامل کرنے کے مطالبے پر احتجاج تشدد کی شکل اختیار کر گیا تھا، جس میں 4 مظاہرین کی موت ہو گئی تھی، جبکہ سکیورٹی اہلکاروں سمیت درجنوں افراد زخمی ہوئے تھے۔×

## Arunchal Army Rescues

بھارتی فوج کے اہلکاروں نے اروناچل پردیش کے توانگ ضلعے میں ایک بس حادثے کے بعد 13 افراد کو بچا لیا ہے۔ محکمہٗ دفاع کے ترجمان لیفٹننٹ کرنل مہندر راوت نے بتایا کہ یہ بس بیساکھی کے نزدیک ایک کھائی میں جا گری تھی، لیکن Gajraj Corps کے سپاہی فوراً ہی جائے حادثہ پر پہنچ گئے اور بچاؤ کارروائی انجام دی۔ سبھی مسافروں کو بحفاظت نکال لیا گیا۔ سپاہیوں نے زخمیوں کو ابتدائی طبّی امداد بھی فراہم کی۔×

## Jaishankar Airbus Indigo

وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر اور شہری ہوابازی کے وزیر رام موہن نائیڈو Kinjarapu نے کل نئی دلّی میں Airbus اور انڈگو کے اعلیٰ ایگزیکٹوز کے ساتھ ایک اعلیٰ سطحی میٹنگ کی۔ اس دوران، بھارت کے شہری ہوابازی کے شعبے کو مضبوط کرنے اور بھارت اور یوروپ کے درمیان معاشی تعلقات کو گہرا کرنے پر خصوصی توجہ مرکوز کی گئی۔

بھارت میں ’خود کفالت‘ اور پائیدار ترقی سے مطابقت رکھتے ہوئے، بات چیت میں ٹکنالوجی کی منتقلی، مینوفیکچرنگ ساجھے داری اور ماحولیات کے لیے سازگار ہوابازی پر بھی تبادلہئ خیال کیا گیا۔

ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں ڈاکٹر جے شنکر نے کابینی وزیر کے ہمراہ Airbus اور انڈگو کی قیادت کے ساتھ تبادلہئ خیال کرنے پر خوشی کا اظہار کیا۔

انہوں نے بڑھتی ہوئی بھارت-یوروپ ساجھے داری کو اُجاگر کیا اور بھارت کے تیزی سے ترقی پاتے بنیادی ڈھانچے اور معیشت سے پیدا ہونے والے اسٹریٹجک مواقعے پر زور دیا۔×

## Weightlifting World C'Ship

ناروے کے شہر Forde میں عالمی ویٹ لِفٹنگ چیمپئن شپ میں بھارت کی Mirabai Chanu نے خواتین کے 48 کلو گرام کے زمرے میں، چاندی کا تمغہ جیتا ہے۔ انہوں نے مجموعی طور پر 199 کلو گرام کا وزن اُٹھا کر دوسرا مقام حاصل کیا۔ سونے کا تمغہ موجودہ عالمی چیمپئن کوریا کی Ri Song-gum نے جیتا۔ انہوں نے مجموعی طور پر 213 کلو گرام کا وزن اُٹھایا۔

اس چیمپئن شپ میں بھارت کے مردوں کی ٹیم کی قیادت Lovepreet Singh کر رہے ہیں۔×

## Cricket

احمد آباد کے نریندر مودی اسٹیڈیم میں بھارت ویسٹ انڈیز کے خلاف پہلے ٹیسٹ میچ کے آج دوسرے دن اپنی پہلی اننگز میں دو وکٹ پر 121 رن سے آگے کھیلنا شروع کرے گا۔ کل جب کھیل ختم ہوا، تو کے-ایل راہل 53 پر اور شبھ من گِل 18 رن پر کھیل رہے تھے۔ یشسوی جیسوال نے 36 رن اسکور کیے۔

اس سے قبل ویسٹ انڈیز نے ٹاس جیت کر پہلے بلّے بازی کرنے کا فیصلہ کیا اور اُس کی پوری ٹیم پہلی اننگز میں صرف 162 رن بنا کر آؤٹ ہو گئی۔ بھارت کی طرف سے محمد سراج نے 4 وکٹ لیے، جبکہ جسپریت بمراہ نے 3 کھلاڑیوں کو آؤٹ کیا۔×

خبریں ہماری ویب سائٹ: news on air.com slash urdu پر بھی دستیاب ہیں۔

GONG

## PRESS COMMENTS

اب اخبارات کے آئینہ کے ساتھ ہیں: ......فہیم احمد

شکریہ - نتیکا

آج قومی راجدھانی دلّی سے شائع ہونے والے اردو اخبارات کی شہ سرخیاں ایک دوسرے سے مختلف ہیں۔ اخبار انقلاب کی شہ سرخی ہے غزہ کی طرف رواں دواں کشتیوں پر اسرائیل کا حملہ، سبھی کشتیوں کو قبضے میں لیا، 500 سے زائد کارکنان حراست میں۔ اسی اخبار نے بابائے قوم مہاتما گاندھی اور لال بہادر شاستری کے یومِ پیدائش پر مختلف رہنماؤں کے ذریعے خراجِ عقیدت

پیش کیے جانے کی خبر کو بھی نمایاں طور پر شائع کیا ہے۔ اخبار لکھتا ہے صدر جمہوریہ، وزیر اعظم اور سونیا گاندھی نے بابائے قوم مہاتما گاندھی اور لال بہادر شاستری کو خراجِ عقیدت پیش کیا۔

اخبار ہندوستان ایکسپریس نے وجے دشمی کے جلسے سے خطاب کرتے ہوئے آر ایس ایس سربراہ موہن بھاگوت کے اس بیان کو شہ سرخی بنایا ہے کہ تشدد مسائل کا حل نہیں، تبدیلی کا واحد راستہ جمہوریت، کہا سودیشی اور خود انحصاری کا کوئی متبادل نہیں۔ راجناتھ سنگھ کا پاکستان کو انتباہ، آپریشن سِندور کی کامیابی پر مسلح افواج کی ستائش کی۔

اخبارات نے بھارت اور چین کے درمیان براہِ راست پرواز جلدہی دوبارہ شروع ہونے کی خبر کو اہمیت کے ساتھ شائع کیا ہے۔

اخبارات کی اہم بین الاقوامی خبریں اس طرح ہیں:

- کولمبیا نے اسرائیل سے تجارتی معاہدہ ختم کیا، سفارتکار ملک بدر۔
- اسرائیل کی غزہ میں کارروائی میں مزید77 فلسطینی ہلاک، 222 زخمی۔
- برطانیہ میں یہودی عبادت گاہ پر حملہ، تین افراد ہلاک، تین زخمی۔
- امریکہ میں شَٹ ڈاؤن کے بعد ناسا بند، لاکھوں ملازمین کی چھٹی۔

آخر میں خاص خاص خبریں ایک بار پھر

1- روس کے صدر ولادیمیر پتن، وزیر اعظم نریندر مودی کے ساتھ سالانہ سربراہ ملاقات کے لیے دسمبر میں بھارت کے دورے پر آئیں گے۔ صدر پتن نے بھارت کے ساتھ مؤثر اور باہمی طور پر فائدے مند تجارتی رابطے قائم رکھنے کی ضرورت پر زور دیا ہے۔

2- بھارت اور چین اس مہینے کے آخر تک براہِ راست پروازیں پھر شروع کریں گے۔

3- چھتیس گڑھ کے بیجاپور ضلعے میں 23 خواتین سمیت 103 ماؤنوازوں نے سکیورٹی دستوں کے سامنے خودسپردگی کی ہے۔

4- موسمیات محکمے نے آج بہار میں، بہت شدید بارش ہونے کے امکان کے مدنظر ریڈ الرٹ جاری کیا ہے۔

5- اور ناروے میں عالمی ویٹ لِفٹنگ چیمپئن شپ میں بھارت کی Mirabai Chanu نے خواتین کے 48 کلو گرام کے زمرے میں چاندی کا تمغہ جیتا ہے۔

اسی کے ساتھ یہ خبر نامہ ختم ہوا۔

-----------------------------------